نیسلے پاکستان کی COVID-19 کی عالمی وباء سے متاثرہ خاندانوں کی مدد کیلئے مشہور این جی اوز کے ساتھ شراکت داری

لاہور: 7 مئی، 2020

COVID-19 کی عالمی وباء سے متاثرہ خاندانوں کی مدد کیلئے 100 ملین روپے کی امداد کے اپنے اعلان کے تحت نیسلے پاکستان نے غیر سرکاری تنظیموں (این جی اوز) اخوت، سیلانی ویلفیئر، شاہد آفریدی فاؤنڈیشن، سلمان صوفی فاؤنڈیشن اور رزق فاؤنڈیشن کے ساتھ ان کی ریلیف سرگرمیوں میں معاونت کیلئے شراکت داری قائم کی ہے۔

نیسلے پاکستان کی سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں کو دیے جانے والے مصنوعات پر مبنی عطیات جن میں 4 ملین دودھ کی سرونگ، آئرن سے بھرپور ڈیری مصنوعات، بچوں کے سیریلز، پانی اور جوسز کو راشن کے ان تھیلوں میں شامل کیا جائے گا جو پاکستان بھر میں COVID-19 کی عالمی وباء سے متاثرہ افراد میں تقسیم کرنے کیلئے تیار کیے جا رہے ہیں۔

ان کوششوں کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے وقار احمد، ہیڈ آف کارپوریٹ، نیسلے پاکستان نے کہا ''ہم متاثرہ خاندانوں میں راشن سپلائی کرنے والی تنظیموں کو مصنوعات کی عطیات کی شکل میں امداد فراہم کریں گے تاکہ فرنٹ لائن ورکرز اور متاثرہ افراد دونوں کی ان مشکل حالات میں غذائی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔

انہوں نے کہا ''ضرورت کی اس گھڑی میں قوم کی مدد کیلئے ملک کی نمایاں غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ شراکت داری پر ہمیں خوشی ہے

نیسلے کے تعاون کا اعتراف کرتے ہوئے ڈاکٹر امجد ثاقب، سی ای او اخوت نے کہا ''پوری قوم COVID-19 کی عالمی وباء سے نمٹنے کیلئے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ یہ ہمارے لئے اعزاز کی بات ہے کہ نیسلے پاکستان نے اخوت کی طرف سے تقسیم کئے گئے راشن کے تھیلوں کیلئے اپنی مصنوعات عطیہ کیں۔ ہم موجودہ بحران میں لوگوں کی مشکلات کم کرنے میں نیسلے پاکستان کے مشکور ہیں، قومیں اسی طرح بنتی ہیں۔''

شاہد آفریدی، گلوبل چیئرمین شاہد آفریدی فاؤنڈیشن نے کہا ''ہم صرف مل جل کر ہی معاشرے میں بہتری اور لوگوں کی زندگیوں میں تبدیلی لا سکتے ہیں۔ میں نیسلے پاکستان کا شاہد آفریدی فاؤنڈیشن کی Donate KaroNa Ration Drive جو پورے ملک میں جاری ہے، میں شامل ہونے پر مشکور ہوں۔ ہم نے اب تک 20 ہزاروں گھرانوں کو مدد فراہم کی ہے اور اس شراکت داری سے ہم لاک ڈاؤن کی وجہ سے مشکلات کا شکار مزید خاندانوں کو مدد فراہم کر پائیں گے۔''

محمد غزل، چیف آپریٹنگ آفیسر، سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل نے کہا ''ان مشکل حالات میں ہم سب ایک نیک کام کیلئے اکٹھے ہوئے ہیں۔ میں نیسلے پاکستان کا ڈیری مصنوعات عطیہ کر کے کراچی میں راشن تقسیم کرنے کی ہماری کوششوں میں معاونت کرنے پر شکر گزار ہوں۔ اس معاونت سے موجودہ بحران سے متاثرہ افراد کی خوراک کی ضروریات پورا کرنے میں مدد ملے گی۔''

ریسٹورنٹ انڈسٹری سے وابستہ ورکرز کی معاونت کیلئے نیسلے کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے قاسم جاوید خان، شریک بانی اور سی ای او رزق فاؤنڈیشن نے کہا ''وہ نیسلے پاکستان کو شکریہ ادا کرنا چاہیں گے جن کی امداد ریسٹورنٹ انڈسٹری سے وابستہ بے روزگار دیہاڑی دار ملازمین کی مدد میں کام آئی

سلمان صوفی، سی ای او سلمان صوفی فاؤنڈیشن نے بھی نیسلے کے تعاون کا اعتراف کرتے ہوئے کہا'' ہم 2000 خاندانوں کیلئے خوراک عطیات فراہم کر کے صوفی فاؤنڈیشن کی مہم StepUp# میں شامل ہونے پر نیسلے پاکستان کے مشکور ہیں۔

قبل ازیں نیسلے پاکستان نے پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی (PRCS) کے ساتھ شراکت داری قائم کر کے COVID-19 کی عالمی وباء کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے قومی جدوجہد میں اپنی کوششوں کو تیز کیا تا کہ تمام عمر کے افراد بالخصوص بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں متاثرہ خاندانوں کی فلاح و بہبود کو فروغ دیا جا سکے۔اس کے تحت بڑے پیمانے پر ہاتھ دھونے کے طریقوں اور کمزور طبقات کو ضروری اور اعلیٰ معیار کی حفظان صحت پر مبنی امداد تک رسائی اور استعمال کو بہتر بنانا بھی شامل ہے۔

نیسلے پاکستان وزیراعظم عمران خان اور صوبائی قیادت کی طرف سے طے کردہ سٹرٹیجک روڈ میپ کے مطابق ملک بھر میں صارفین کیلئے ضروری خوراک اور مشروبات کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے انتھک کوششیں کر رہا ہے۔ہم جن علاقوں میں آپریٹ کرتے ہیں وہاں کے لوگوں اور برادریوں کا خیال رکھنا ہمارا اولین فرض ہے اور یہ ہمارا یقین ہے کہ COVID-19 کی عالمی وباء سے پیدا شدہ بحران کے دوران ہم نے ایک اہم کردار ادا کرنا ہے۔

نیسلے پاکستان کے بارے میں:

نیسلے خوراک اور مشروبات تیار کرنے والی دنیا کی بڑی کمپنی ہے۔دنیا کے 191 ممالک میں فعال ہے۔نیسلے کے 3 لاکھ 28 ہزار ملازمین معیار زندگی کو بڑھانے اور صحت مند مستقبل کے لئے کردار ادا کرنے کے نیسلے کے مقصد کیلئے پرعزم ہے۔نیسلے والدین اور بچوں کیلئے انواع اقسام کی مصنوعات اور خدمات کی فراہم کرتی ہے۔

مزید معلومات کیلئے برابطہ کریں

محمد راحت حسین

منیجر پبلک افیئرز، نیسلے پاکستان

muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com